Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے **(New Course;New Scheme)** Paper Code 5961

**Sessions;2012-2014; 2013-2015 & 2014-2016**

# اُردو لازمی (معروضی) درسِ نظامی گروپ

نمبر:15

وقت:20 منٹ

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) خالی جگہ پُر کرنے کے لیئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

1. آپ ﷺ نے کعبے کو دیکھا اور فرمایا ________ تو مجھے تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے۔
   (A) طائف (B) حبشہ (C) مکہ (D) مدینہ
2. سُراقہ کے ________ کے پاؤں زمین میں دھنس گئے۔
   (A) بیل (B) اونٹ (C) خچر (D) گھوڑے
3. حضرت ________ کے غلام عامر بن فہیرہ نے فرمان امن لکھ دیا۔
   (A) علی (B) عثمان (C) ابوبکر (D) عمر
4. مرزا غالب کی آمدنی ________ تھی۔
   (A) بے حساب (B) معمولی (C) کثیر (D) قلیل
5. مرزا غالب کے مزاج میں ________ بہت تھی۔
   (A) خودغرضی (B) حماقت (C) صداقت (D) ظرافت
6. ابھی تک ________ سو گیا ہے۔
   (A) آتے آتے (B) کھاتے کھاتے (C) روتے روتے (D) گاتے گاتے
7. اگلے دن چھوٹا بیٹا ________ ابھی سو کر نہیں اٹھا تھا کہ بیدارا نے آ جگایا۔
   (A) نسیم (B) عدیم (C) ندیم (D) سلیم
8. نصوح کی بیوی کا نام ________ تھا۔
   (A) زُویدہ (B) سنجیدہ (C) فہمیدہ (D) سعیدہ
9. سمجھو سیٹھ نے نیا ________ پایا۔
   (A) اونٹ (B) گھوڑا (C) بیل (D) بکرا
10. بیوی بولی ________ کی یخنی بنوائے دیتی ہوں۔
    (A) مچھلی (B) بکرے (C) چوزے (D) مرغی
11. ہدایات کا واحد ہے:
    (A) ہدیہ (B) ہدایت (C) الھدی (D) ھادی
12. منظر کی جمع ہے:
    (A) ناظر (B) مناظرہ (C) نظر (D) مناظر
13. لفظ مہمان ________ ہے۔
    (A) فعل (B) مؤنث (C) مذکر (D) جمع
14. خیال کی جمع ہے۔
    (A) خُلّہ (B) خلال (C) خیالات (D) مُخِل
15. پتھر سخت ہے میں پتھر ________ ہے
    (A) مؤنث (B) جمع (C) خبر (D) مبتدا

Roll No. ______________ امیدوار خود پر کرے **(New Course;New Scheme)** Subject Code | 5 | 0 | 9 | 6 |

**Sessions;2012-2014; 2013-2015 & 2014-2016**

# اُردو لازمی (انشائیہ) درسِ نظامی گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر:60

2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)۔ 10

**(حصہ نظم)**

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط انکو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا
(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے
(iii) بوندوں کی جھجھاہٹ، قطرات کی بہاریں — ہر بات کے تماشے، ہر گھات کی بہاریں
(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رخصت ہوئے تیرے شجر سایہ دار سے

**(حصہ غزل)**

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے
(vi) ہمیشہ لکھے وصفِ دندان یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا
(vii) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

3. درج ذیل نثر پاروں کی سلیس کیجیے۔ اس سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ہاتھ پاؤں کی محنت، اوقات بسر کرنے اور روٹی کما کر کھانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ روٹی پیدا کرنا اور پیٹ بھرنا ایک ایسی چیز ہے کہ یہ مجبوری اس کے لیے محنت کی جاتی ہے اور ہاتھ پاؤں کی کاہلی چھوڑی جاتی ہے اور اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان کرتے ہیں بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا انکی طبیعت ثانی ہو جاتی ہے۔

(ب) خالہ نے جمن کے اعتراض کو تاڑلیا۔ بولیں بیٹا خدا سے ڈر میرے لیے کوئی اپنا ایمان نہ بیچے گا، اتنے بھلے آدمیوں میں کیا سب تیرے دشمن ہیں اور سب کو جانے دو الگو چودھری کو تو مانے گا جمن فرط مسرت سے باغ باغ ہو گئے۔ مگر ضبط کر کے بولے۔ الگو چودھری ہی سہی میرے لیے جیسے رام دھن مصر ویسے الگو، کوئی میرا دشمن نہیں ہے الگو بغلیں جھانکنے لگے اس جھمیلے میں نہیں پھنسنا چاہتے تھے۔

4. سبق کاہلی یا پنچایت کا خلاصہ لکھیے۔ 05

5. علامہ اقبال کی نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6. درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 05

(i) صبا کہاں سے آتی ہے؟
(ii) شاعر (غالب) نے کسے نادان کہا ہے؟
(iii) کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟
(iv) سلیم میاں کا کیا مشغلہ تھا؟
(v) کوا گرامر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟

## حصہ عربی گرامر

7. پرنسپل صاحب کے نام بیماری کی بنا پر ایک روز کی چھٹی کے لئے عربی میں درخواست لکھیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور سوالات کے عربی میں جوابات دیجیے۔ 10

كَانَ ابوذرٍّ الغفارِیؓ مِن اصحابِ النبیِ محمد ﷺ وَكَانَ ابوذَرّ مِنَ السَابِقِين اِلی الاِسْلَام. وَقَدْ دَخَل فِی الدّین الاسلامی فی الايّامِ الاُولٰی.

وَحِيْنَ اَعْلَنَ ابوذرٍ اِسْلَامَهٗ لَمْ يَكُنِ النبیّ ﷺ قَد اَعْلَنَ لدَعْوَةَ بَعْدِ. سَأَلَ اَبوذرٍ النَبیّ ﷺ، يا نَبیّ اللّٰه ﷺ بِمَاذاتأ مرونِی؟

اَجَابَةَ النَبیّ ﷺ ترجعُ اِلیٰ اَهلِكَ حتّی تَصِلَ اَلَيْكَ دَعْوَتِی. فَقَالَ ابو ذرٍ لا ارجعُ حتّی اَصيحَ بالاِسْلَام فِی المَسْجِدِ.

دَخَل ابو ذرٍ اِلی المَسْجِدَ وَهُوَ يَصِيحُ. اَشْهَدُاَنْ لَا اِلٰهَ اَلّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُاَنّ مُحمداً رَسُول اللّٰه

i. بِمَا ذا اَمَر انَبیُّ اباذرٍ؟ ii. اِلی أَين دَخَلَ ابو ذرٍّ؟ iii. مَتَی دَخَلَ ابوذرٍّ اِلی الاِسْلَامِ؟ iv. بِمَاذا كَانَ يَصيحُ؟

9. دیئے گئے جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول الگ الگ کیجیے۔ i. يُثْمِرُ البُسْتَانُ. ii. اَلفَلّاحُ يَحْلُبُ بَقَرَتَهٗ. 05

S.S.C - (Part-I)-A- 2016

(For all sessions)

| Paper Code | 5 | 9 | 6 | 1 |
|---|---|---|---|---|

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

# اُردو لازمی (معروضی) درسِ نظامی گروپ

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) خالی جگہ پُر کرنے کے لیئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

1. نبی کریم ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی نبوت کے ۔۔۔۔۔۔

(A) دسویں سال (B) گیارھویں سال (C) بارھویں سال (D) تیرھویں سال

2. سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی۔

(A) ذوقؔ نے (B) غالبؔ نے (C) مومنؔ نے (D) شیفتہ نے

3. اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے میں سستی کرنا کہلاتا ہے۔

(A) نیند (B) کاہلی (C) بےکاری (D) بےعملی

4. سلیم ڈرتا ڈرتا گیا۔

(A) اوپر (B) مدرسے (C) بازار (D) مسجد

5. شیخ جمعراتی پیشے کے اعتبار سے تھا۔

(A) منشی (B) وکیل (C) استاد (D) کاشتکار

6. شوروغل سے مُضر اثر پڑتا ہے۔

(A) ہاتھوں پر (B) معدے پر (C) اعصاب پر (D) آنکھوں پر

7. ڈرامہ ''لہو اور قالین'' میں پرائیویٹ سیکرٹری کا نام ہے۔

(A) تجمل (B) رؤف (C) اختر (D) انور

8. مرزا فرحت اللہ بیگ کا قلمی نام تھا۔

(A) مرزا الم نشرح (B) مرزا اسیلانی (C) میرزا ادیب (D) مرزا آفاقی

9. ایک ہی گھر میں سالہا سال گزارنے کے باوجود اجنبی رہتے ہیں۔

(A) بھینس اور گائے (B) انسان اور بلّی (C) میاں اور بیوی (D) والدین اور اولاد

10. آدھا شعر کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع (C) مصرع (D) قصیدہ

11. ''غم'' کا متضاد ہے۔

(A) پریشانی (B) نحوست (C) مصیبت (D) خوشی

12. ''نو نقد نہ تیرہ ادھار'' یہ ہے۔

(A) روزمرّہ (B) ضرب المثل (C) محاورہ (D) مقولہ

13. ''عائشہ روتی ہے'' یہ جملہ ہے۔

(A) فعلیہ (B) اسمیہ (C) شرطیہ (D) دعائیہ

14. مونث الفاظ کا گروپ ہے۔

(A) سرکار، پاجامہ، قمیض (B) اخبار، مصور، تصویر (C) جھونپڑی، توہین، نمائش (D) مہمان، قلم، چڑیا

15. ماں نے کہا: ''میرا چاند سو رہا ہے'' اس جملہ میں ''چاند'' ہے۔

(A) مشبہ (B) مستعار منہ (C) مستعار لہٗ (D) وجہ جامع

Roll No. ____________ امیدوار خود پر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 5 | 0 | 9 | 6 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو لازمی (انشائیہ) درسِ نظامی گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2.** درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)۔ 10

**(حصہ نظم)**

(i) صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے — کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

(ii) بوندوں کی جھمجھاہٹ ، قطرات کی بہاریں — ہر بات کے تماشے ، ہر گھات کی بہاریں

(iii) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل ، زر کامل عیار سے

(iv) محرم بھی ہے ایسا جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

**(حصہ غزل)**

(v) چشم دل کھول اُس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(vi) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اجالے میں رویا کیا

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

**3.** درج ذیل نثر پاروں کی سلیس کیجیے۔ اس سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) پنچایت کی صدا کس کے حق میں اٹھے گی؟ اس کے متعلق شیخ جمن کو اندیشہ نہیں تھا۔ قرب وجوار میں ایسا کون تھا جوان کا شرمندۂ منت نہ ہو؟ کون تھا جو ان کی دشمنی کو حقیر سمجھے؟ کس میں اتنی جرأت تھی جو ان کے سامنے کھڑا ہو سکے؟ آسمان کے فرشتے تو پنچایت کرنے آئیں گے نہیں۔ اس کے بعد کئی دن تک خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکر لگاتی رہیں۔

(ب) عام طور پر بلبل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اکسایا جاتا ہے۔ بلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بلبل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بلبل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔ کم از کم اس کا خیال تھا کہ وہ پرندہ بلبل ہے اور وہ چیز نالہ وشیون۔

**4.** سبق امتحان یا آرام وسکون کا خلاصہ لکھیے۔ 05

**5.** نظم "نعت" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

**6.** درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 05

(i) حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے کون سی شخصیت مراد ہے؟

(ii) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(iii) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(iv) الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟

(v) تجمل نے اختر کو کون سی خوش خبری سنائی؟

## حصہ عربی گرامر

**7.** ہیڈ ماسٹر کے نام فیس معافی کے لئے عربی میں درخواست لکھیے۔ 10

**8.** درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور سوالات کے عربی میں جوابات دیجیے۔ 10

خَرَجَ فَرِیدٌ یَتَنَزَّہُ وَ یُمَتِّعُ نَظرہٗ بِمَحَاسِنِ الطَّبِیْعَةِ ، فَصَارَفَ جَدوَلًا یَجرِیْ مَاؤُہٗ فَیُرْوِی الزَّرْعَ وَیُلَطِّفُ الْھَوَاءَ ، وَ لَقِیَ أَغْنَاماً تَرُوحُ وَتَغْدُو آمِنَةً تَرعیٰ الْکَلَأَ وَتَشْرَبُ الْمَاءَ ، وَرَأَی أَشْجَارًا تَدْنُو أَثْمَارُھَا وَ تَمِیْلُ بِأَغْصَانِھَا ، فَوَقَفَ عِنْدَھَا سَاعَةً حَتّٰی اِذَامَالَتِ الشَّمْسُ اِلَی الْغُرُوْبِ قَفَلَ رَاجِعًا.

الاسئلة:

i. لِمَاذا خرجَ فریدٌ؟ ii. مَاذا یُفیدُ ماءُ الجُدْوُلِ؟ iii. کیفَ کانتِ الأَشْجارُ؟ iv. متیٰ رجَعَ فریدٌ؟

**9.** دیے گئے اسماء میں سے مذکر ومونث الگ الگ کیجیے۔ i. السَّمَاءُ ، القَلَمُ ، الدَّارُ ، البُسْتَانُ ، الثَّوْبُ 05

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 5 | 9 | 6 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) درسِ نظامی گروپ

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. غارِ ثور میں کھانا پہنچانے والی صحابیہ کا نام تھا۔
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت فاطمہؓ (C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت اسماءؓ

2. فواکہہ میں غالب کو بہت مرغوب تھا۔
(A) خربوزہ (B) آم (C) انگور (D) سیب

3. اُٹھنے، بیٹھنے، چلنے پھرنے میں سستی کرنا کہلاتا ہے۔
(A) بے وقوفی (B) بے کاری (C) بے عملی (D) کاہلی

4. ''اس زلف پہ پھبتی شبِ دیجور کی سوجھی'' اس مصرع کے شاعر کا نام ہے۔
(A) انشا (B) درد (C) جرأت (D) میر

5. شطرنج میں طبیعت پر زور پڑتا ہے اور گنجفہ میں ------
(A) حافظے پر (B) سینے پر (C) نظر پر (D) دل و دماغ پر

6. الگو کو آئے دن واسطہ رہتا تھا۔
(A) پولیس سے (B) عدالت سے (C) نوسربازوں سے (D) تاجروں سے

7. ڈاکٹر نے میاں کی یہ بیماری تشخیص کی۔
(A) تکان اور حرارت (B) نمونیا (C) شوگر (D) دل کی بیماری

8. سبق ''لحاف اور قالین'' کے مطابق مصور کی موت واقع ہوئی۔
(A) ایکسیڈنٹ سے (B) خودکشی سے (C) ہارٹ اٹیک سے (D) فاقہ سے

9. لا کالج میں طالب علم کا دوست تھا۔
(A) چوکیدار (B) منشی صاحب (C) لیکچرار صاحب (D) پرنسپل صاحب

10. اُلو کی قسمیں بتائی جاتی ہیں۔
(A) چند (B) دس (C) بیس (D) تیس

11. باطن کا متضاد ہے۔
(A) حاضر (B) حق (C) ظاہر (D) پوشیدہ

12. ''جلدی سکول پہنچو'' یہ جملہ ہے۔
(A) اسمیہ (B) فعلیہ (C) ندائیہ (D) حکمیہ

13. مونث الفاظ کا گروپ ہے۔
(A) کتاب، میز (B) توہین، ادب (C) مصور، اخبار (D) آئینہ، سُرمہ

14. ''خلق'' کی جمع ہے۔
(A) خلائق (B) اخلاق (C) اخلاقیات (D) مخلوقات

15. مقطع وہ شعر ہوتا ہے جس میں شعراء اپنا ذکر کرتے ہیں۔
(A) لقب (B) تخلص (C) کنیت (D) خطاب

| Roll No. ________________ امیدوار خود پر کرے |
|---|

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) درسِ نظامی گروپ

نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

10 **2.** درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ۔(تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے )۔

**(حصہ نظم)**

(i) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت ، یہی آبرو ہے
(ii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے
(iii) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
(iv) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت ، یہی آرزو ہے

**(حصہ غزل)**

(v) ان حسرتوں سے کہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں
(vi) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے؟
(vii) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

10 **3.** درج ذیل نثر پاروں کی سلیس کیجیے ۔اس سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے ۔

(الف) یہ بنگلہ کم وبیش دو ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا، یعنی قسّامِ ازل نے ہی اسے خاصا شاہانہ طول وعرض بخشا تھا۔عمارت کے سامنے وسیع چمن تھا جس کے حاشیے پر منہدی کی گہری سبز باڑ کے سر پر، نیزوں اونچے سرو اور سفیدے کے پیڑ لہلہاتے تھے۔چمن میں جا بجا سرخ وسپید گلاب کے پودے تھے۔الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے امیرانہ تھا۔

(ب) اس کے بعد کئی دن تک بوڑھی خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکّر لگاتی رہیں۔ کمر جُھک کر کمان، ہوگئی تھی۔ایک قدم چلنا مشکل تھا، مگر بات آ پڑی تھی، اس کا تصفیہ ضروری تھا۔شیخ جمن کو اپنی طاقت، رسوخ اور منطق پر کامل اعتماد تھا وہ کسی کے سامنے فریاد کرنے نہیں گئے۔بوڑھی خالہ نے اپنی دانست میں تو گریہ زاری کرنے میں کوئی کسر اٹھا رکھی، خوبی تقدیر کوئی اس طرف مائل نہ ہوا۔

05 **4.** سبق کابلی یا آرام وسکون کا خلاصہ لکھیے ۔

05 **5.** نظم ”حمد“ کا خلاصہ لکھیے ۔

05 **6.** درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۔

(i) حضرت اسمؑا نے کیا خدمات سرانجام دیں؟
(ii) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟
(iii) علامہ اقبال نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟
(iv) ہم ہر خوش گلو پرندے کو بلبل سمجھتے ہیں اس میں قصور کس کا ہے؟
(v) غالب کی غزل کی روشنی میں کون مشتاق ہے اور کون بے زار؟

## حصہ عربی گرامر

10 **7.** ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام ضروری کام کی بنا پر چھٹی کے حصول کے لیے عربی میں درخواست تحریر کیجیے ۔

10 **8.** درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے عربی میں جوابات دیجیے ۔

ذَهَبْتُ مَرَّةً لِزِيَارَةِ صَدِيقٍ ، فَاَدْخَلَنِیْ فِیْ حُجْرَةٍ لَهَاثَلَاثَةُ شَبَابِيْكُ وَبَابَانِ ، جُدْرَانُهَامُزَيَّنَةٌ بِالصُّوَرِ وَالرُّسُوْمِ ، وَاَرْضُهَامَفْرُوْشَةٌ بِالْبُسُطِ الْفَارِسِيَّةِ وِفِيْهَا اَرَائِكُ مَصْفُوْفَةٌوَفِیْ اَحَدِ جَوَانِبِهَا خَزَانَةُ كُتُبٍ عَجِيْبَةٍ۔

الاسئلة:

i. اَيْنَ ذَهَبَ الْمُصَنِّفُ؟
ii. هَلْ كَانَتِ الْجُدْرَانُ مُزَيَّنَةٌ بِالصُّوَرِ وَالرُّسُوْمِ؟
iii. كَمْ كَانَتِ الشَّبَابِيْكُ لِلْغُرْفَةِ؟
iv. هَلْ كَانَتْ فِی الْغُرْفَةِ خَزَانَةُ كُتُبٍ؟

05 **9.** درج ذیل جمع اسماء کے واحد تحریر کیجیے ۔

نُجُوْمٌ ، بَسَاتِيْنُ ، مُؤْمِنَاتٌ ، بِحَارٌ ، سُفُنٌ

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 5 | 9 | 6 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) درسِ نظامی گروپ

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام کا نام تھا۔
(A) اسامہ بن زیدؓ (B) بلالؓ بن رباح (C) عامر بن فہیرہ (D) زیدؓ بن حارثہ

2. دلی قوئی کو بے کار چھوڑ دینا، سب سے بڑی ہے۔
(A) بے وقوفی (B) جہالت (C) کاہلی (D) غلطی

3. ''اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی'' یہ مصرع پڑھا۔
(A) سید انشاؔ نے (B) داغؔ نے (C) جرأتؔ نے (D) آتشؔ نے

4. شطرنج میں طبیعت پر زور پڑتا ہے اور گنجفہ میں ------
(A) دل پر (B) دماغ پر (C) صحت پر (D) حافظے پر

5. جمن شیخ اور الگو چودھری میں بڑا تھا۔
(A) یارانہ (B) بَیر (C) پیار (D) خلوص

6. سبق ''آرام و سکون'' کے مصنف کا نام ہے۔
(A) پریم چند (B) سید امتیاز علی تاج (C) مولوی نذیر احمد (D) میرزا ادیب

7. دو گز زمین بھی نہ ملی ----- میں
(A) کوئے یار (B) پہلوئے یار (C) دیارِ یار (D) کوچہ یار

8. ''شاخ بریدہ'' سے شاعر کی مراد ہے۔
(A) لٹکتی ہوئی شاخ (B) کٹی ہوئی شاخ (C) تراشی ہوئی شاخ (D) لچک دار شاخ

9. امیر مینائی کا اصل نام تھا۔
(A) الطاف حسین (B) سجاد حیدر (C) حیدر علی (D) نصیر الدین حیدرؔ

10. فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹی ہوئی ڈالی کے لیے ممکن نہیں کہ ہری ہو۔
(A) بارش سے (B) بادِ بہار سے (C) سحابِ بہار سے (D) برگ و بار سے

11. ''جھاڑو'' قواعد کی رُو سے ہے۔
(A) اسم ظرف (B) اسم مکبر (C) اسم صوت (D) اسم آلہ

12. مترادف الفاظ کی درست فہرست ہے۔
(A) مدح، قصیدہ (B) دوست، دانا (C) ظلمت، تاریکی (D) حسرت، ظلمت

13. ''زمانہ'' کی جمع ہے۔
(A) زمائن (B) زَمَن (C) اَزمنہ (D) ازمن

14. ''شک'' کا متضاد ہے۔
(A) وہم (B) یقین (C) گمان (D) بھروسہ

15. ''سُنار'' کی مونث ہے۔
(A) سُنارن (B) سنیاری (C) سناری (D) سنارنی

Roll No. _______________ امیدوار خود پر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) درسِ نظامی گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

10 .2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ۔(تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)۔

(حصہ نظم)

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ مُحیط ان کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

(ii) جسے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اس کا — جو یک سُو ہو دل تو وُہی چار سُو ہے

(iii) شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(iv) سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے ، تری گفتگو ہے

(حصہ غزل)

(v) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

(vi) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vii) ہم کو ان سے ، وفا کی ہے امید — جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے؟

10 .3 درج ذیل نثر پاروں کی سلیس کیجیے ۔اس سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبرؐ آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے جاتے۔ ایک دن انتظار کر کے واپس جا چکے تھے کہ ایک یہودی نے قلعے سے دیکھا اور قرائن سے پہچان کر پکارا: ''اہلِ عرب! لو تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آگیا۔'' تمام شہر تکبیر کی آواز سے گونج اُٹھا۔

(ب) ایک بار وہ بھی بگڑے، سیٹھ جی گرم ہو پڑے۔ سیٹھانی جذبے کے مارے گھر سے نکل پڑیں؛ سوال و جواب ہونے لگے؛ خوب مباحثہ ہوا، مجادلے کی نوبت آ پہنچی، سیٹھ جی نے گھر میں گھس کر کواڑ بند کر لیے۔ گاؤں کے کئی معزز آدمی جمع ہو گئے۔ دونوں فریق کو سمجھایا۔ سیٹھ سمجھو کو دلاسا دے کر گھر سے نکالا اور صلاح دی کہ آپس میں سر پھٹول سے کام نہ چلے گا۔ اس سے کیا فائدہ، پنچایت کر لو، جو کچھ طے ہو جائے اسے مان لو۔ سیٹھ جی راضی ہو گئے، الگو نے بھی ہامی بھر لی۔

05 .4 سبق ''کاہلی'' یا ''قدرِ ایاز'' کا خلاصہ لکھیے۔

05 .5 نظم ''نعت'' کا خلاصہ لکھیے۔

05 .6 درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

(i) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(ii) سید انشاء کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟

(iii) بیدار نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(iv) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(v) اختر کو کون تصویریں بنا کر دیتا تھا؟

## حصہ عربی گرامر

10 .7 پرنسپل صاحب کے نام عربی میں درخواست لکھیں جس میں بڑی بہن کی شادی میں شمولیت کے لیے چھٹی کی استدعا کی گئی ہو۔

10 .8 درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے عربی میں جوابات دیجیے۔

خَرَجْتُ مِنَ الْمَنْزِلِ عَصراً ، فَصَادَفَنِیْ فِی الطَّرِیْقِ ثَلَاثَةُ غِلْمَانٍ عَرَفْتُهُمْ وَ عَرَفُوْنِیْ، فَاخْتَرَحْتُ عَلَیْهِمْ اَنْ نَّزُوْرَ حَدِیْقَةَ، الْحَیَوَانِ ، فَقَبِلُوا الْفِکْرَةَ وَ فَرِحُوْا بِهَا ، ثُمَّ سِرْ نَا جَمِیْعاً إِلَیْهَافَدَ خَلْنَا هَا وَشَاهَدْ نَا مَا فِیْهَا مِنْ اَنْوَاعِ الطَّیْرِ وَصُنُوْفِ الْحَیَوَانِ وَ بَعْدَ سَاعَتَیْنِ قَضَیْنَا هُمَا هُنَالِكَ ، عَادَ کُلٌّ مِّنَّا إِلٰی أَهْلِهٖ مَمْلُوْءَ ا بِالنَّشَاطِ وَ السُّرُوْ رِ.

الا سئلة:

i. مَنْ صَادَقَ الْمُصَنِّفَ فِی الطَّرِیْقِ؟

ii. أَیْنَ ذَهَبَ الْمُصَنِّفُ وَ الْغِلْمَانُ؟

iii. مَاذَا شَاهَدُوْا فِیْ حَدِیْقَةِ الْحَیَوَانِ؟

iv. کَمْ وَقْتاً قَضَوْا هُنَالِكَ؟

05 .9 دیے گئے ضمائر میں سے ضمائر غائب، حاضر اور متکلم الگ الگ کیجیے۔ أَنْتَ ، هُنَّ ، كَ ، أَنَا ، هُمَا

یا

جملہ اسمیہ کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں لکھیے۔